سوال

یا جمیل کہنے کا حکم

جواب

یا جمیل کہنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اللہ تعالی کے ۹۹ صفاتی نام ہیں اوران میں سے الجمیل نام نہیں ہے، توکیا یا جمیل کہہ سکتے ہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! حدیث مبارکہ میں اللہ کا نام جمیل بھی آیا ہے، لہذا آپ یہ نام لے سکتے ہیں، کیونکہ اللہ تعالی کے سارے نام قرآن میں نہیں ہیں، بلکہ بعض نام احادیث مبارکہ میں بھی موجود ہیں۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: إن اللہ جمیل یحب الجمال (مسلم: 91) بے شک اللہ تعالی خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔ اور اگر آپ کسی جمیل نامی انسان کو بلانا چاہتے ہی جو آپ کے پاس موجود ہے اور آپ اس کے بارے میں علم غیب کا بھی کوئی عقیدہ نہیں رکھتے ہیں تو اس جمیل نامی آدمی کو آپ یا جمیل کہہ کر بلا سکتے ہیں، کیونکہ "یا" حرف ندا ہے جس کے ساتھ کسی بھی حاضر آدمی کو آواز دی جا سکتی ہے۔ لیکن اگر وہ بندہ وہاں سے غائب ہے اور آپ اس کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ ہر جگہ میری بات سن سکتا ہے تو پھر یا جمیل کہنا حرام اور شرک ہوگا۔ کیونکہ علم غیب صرف اللہ کو جو ہر جگہ ہر انسان کی سنتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی